سوال

(41) اگر نمازی زمین پر سجدہ نہ کرسکے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مکة المکرمہ میں شدت ازدھام کی وجہ سے اگر نمازی زمین پر سجدہ نہ کرسکے تو اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر سجدہ کرنا ممکن ہو لیکن اس طرح نہ کرے جس طرح مشروع ہے کہ دونوں ہاتھوں کے درمیان کشادگی ہو وغیرہ وغیرہ تو جیسے بھی ممکن ہو سجدہ کرے اور اگر سجدہ کرنا ممکن نہ ہو وہ بیٹھ کر اشارہ سے سجدہ کرے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ وہ امام کے سجدے سے اٹھنے اور جگہ کے کشادہ ہونے کا انتظار کرے اور جب جگہ کشادہ ہو جائے تو سجدہ کرے۔ بعض دوسرے علماء کا خیال ہے کہ اپنے سامنے والے نمازیوں کی پیٹھ پر سجدہ کرے۔

لیکن پہلا قول ہی صحت کے زیادہ قریب ہے یعنی وہ اشارہ سے سجدہ کرے گا کیونکہ اس وقت وہ عاجز ہے اور جو شخص سجدہ کرنے سے عاجز ہو وہ اشارہ سے سجدہ کرے گا۔

فتاوی مکیہ

صفحہ 31

محدث فتویٰ